خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی

☆ صدرِادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی ایک نئی تصنیف بعنوان 'کم زور اور مظلوم۔ اسلام کے سایے میں' مرکزی مکتبہ اسلامی پلشرز نئی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں قرآن و حدیث اور کتبِ سیرت وفقہ کی روشنی میں مدلل طور پر بتایا گیا ہے کہ اسلام نے کم زوروں کے مسائل کو خصوصی اہمیت دی ہے اور ان کے حل کے لیے ہمہ جہت اقدامات کیے ہیں۔صفحات: ۱۱۶، قیمت اعلیٰ ایڈیشن،-/۵۰ روپے۔ عام ایڈیشن،-/۳۵ روپے

مولانا کے ایک کتابچہ 'خدا کی غلامی- انسان کی معراج' کے کئی ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوئے ہیں۔ اب اس کا ہندی ترجمہ بھی طبع ہو چکا ہے۔

جماعتِ اسلامی ہند کا کل ہند امیر منتخب ہونے کے بعد مختلف رسائل وجرائد میں مولانا عمری کے انٹرویوز شائع ہوئے۔ ان میں ملکی، ملّی اور عالمی مسائل پر جماعت کا نقطۂ نظر پیش کیا گیا ہے اور اس کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ان انٹرویوز کا مجموعہ 'موجودہ حالات میں جماعتِ اسلمی ہند کا لائحۂ عمل' کے عنوان سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہو گیا ہے۔صفحات ۳۲، قیمت اعلیٰ ایڈیشن-/۱۰ روپے، عام ایڈیشن-/۴ روپے

☆ ادارہ کی مجلسِ منتظمہ کا سالانہ اجلاس ۳۰ر جولائی ۲۰۰۴ء کو دعوت نگر، ابوالفضل انکلیو نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ اس میں ادارہ کی سوسائٹی کے بنیادی رکن ڈاکٹر محمد حمید اللہ (علی گڑھ) اپنی علالت کی بنا پر شریک نہیں ہو سکے تھے اور بنیادی رکنیت سے اپنا استعفیٰ بھیج دیا تھا۔ اراکینِ مجلس نے ان کی صحت کے پیش نظر ان کا استعفا منظور کر لیا اور ان کی جگہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی کو ادارہ کا بنیادی رکن منتخب کر لیا۔ اسی اجلاس میں سکریٹری ادارہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی نے اپنی علالت اور ضعف کی بنا پر خواہش ظاہر کی کہ انھیں ادارہ کی سکریٹری شپ کی ذمہ داری سے سبک دوش کر دیا جائے۔ اراکینِ مجلس نے اس سے اتفاق کیا اور ان کی جگہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی کو سکریٹری منتخب کر لیا۔ موصوف

نومبر ۲۰۰۶ء سے معاون سکریٹری کے فرائض انجام دے رہے تھے۔ البتہ اراکینِ مجلس نے ڈاکٹر فریدی سے باصرار خواہش کی کہ ادارہ کے علمی امور میں ان کا تعاون اور رہ نمائی جاری رہنی چاہیے۔ اس کے لیے انھیں ادارہ کا نائب صدر منتخب کیا گیا۔

☆ ادارہ کے رکن ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب 'کفر اور کافر۔ قرآن کی روشنی میں' مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوگئی ہے۔ اس کتاب میں ان غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو غیر مسلموں کے درمیان ان اصطلاحات کے سلسلے میں پائی جاتی ہیں اور وضاحت کی گئی ہے کہ غیر مسلموں کے سلسلے میں اسلام کا صحیح رویّہ کیا ہے؟ صفحات: ۶۰، قیمت -/۲۰ روپے۔

ڈاکٹر ندوی کی ایک اور کتاب ''اسلام اور سائنس اردو رسائل میں'' خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ نے شائع کی ہے۔ اس کتاب میں ہندو پاک کے اردو رسائل میں اسلام اور سائنس کے موضوع پر شائع ہونے والے دو سو مضامین کا وضاحتی اشاریہ تیار کیا گیا ہے۔ صفحات: ۱۴۲ قیمت -/۱۳۰

☆ صفا شریعت کالج، ڈومریا گنج، سدھارتھ نگر (یوپی) میں قائم قرآن اکیڈمی کے زیرِ اہتمام 'معاشی مسائل و مشکلات اور ان کا اسلامی حل' کے عنوان سے مورخہ ۲۱-۲۲/ جولائی ۲۰۰۷ء کو دو روزہ سمینار منعقد ہوا، جس میں ملک و بیرون ملک سے مقتدر دینی و علمی شخصیات شریک ہوئیں۔ رکنِ ادارہ مولانا سلطان احمد اصلاحی نے اس میں شرکت کی اور 'زکوٰۃ اور اس کے مصارف کا مطالعہ معاشی نقطۂ نظر سے' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ ادارہ کی سرگرمیوں کا ایک جزء اہم علمی و دینی موضوعات پر ماہرین کے توسیعی خطبات کا انعقاد ہے۔ اس کے تحت مورخہ ۲۴/ جون ۲۰۰۷ء کو مشہور ماہرِ معاشیات پروفیسر محمد نجات اللہ صدیقی نے 'مقاصدِ شریعت کی روشنی میں معاصر اسلامی مالیات کا جائزہ' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔ اس پروگرام میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اساتذہ، ریسرچ اسکالرس اور دیگر اہلِ علم نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆ علمی حلقوں، بالخصوص تحقیقات اسلامی سے دل چسپی رکھنے والوں میں یہ خبر مسرت

کے ساتھ سنی جائے گی کہ ادارۂ تحقیق کے ایک بہی خواہ جناب نیاز احمد شریف صاحب (بنگلور) کے تعاون سے ان شاء اللہ بہت جلد تحقیقاتِ اسلامی کے گزشتہ تمام شمارے انٹرنیٹ پر فراہم ہوں گے۔ موصوف نے بڑا حصہ اسکین کرلیا ہے اور یہ کام آخری مرحلے میں ہے۔ اس علمی خدمت پر موصوف ادارۂ تحقیق اور شائقینِ علم دونوں کی جانب سے ازحد شکریے کے مستحق ہیں۔

☆ ادارہ کا ایک اہم شعبہ تصنیفی تربیت کا ہے۔ اس کے تحت دینی وعصری جامعات کے فارغین کو دینی موضوعات پر علمی وتحقیقی انداز میں تحریر وتصنیف کی مشق بہم پہنچائی جاتی ہے۔ اس وقت شعبے سے تین نوجوان فضلاء وابستہ ہیں۔ انھیں قیام کی سہولت فراہم کرنے کے علاوہ دو ہزار روپے ماہانہ اسکالرشپ بھی دی جارہی ہے۔ ادارہ کے ذمہ داران نے اسکالرس کی تعداد بڑھانے اور اسکالرشپ کی رقم میں اضافہ کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ یہ کام اصحابِ خیر کے سرگرم تعاون ہی سے ممکن ہے۔

☆ ادارہ تحریک اسلامی کی ذمہ دار شخصیات کی سرپرستی میں، خاموشی کے ساتھ اہم علمی و دینی خدمات انجام دے رہا ہے۔ اس کے تمام تر مصارف بعض رفاہی اداروں اور اصحابِ خیر کے مالی تعاون سے پورے ہوتے ہیں۔ ادارہ کے معمول کے مصارف تقریباً آٹھ لاکھ روپے سالانہ ہیں۔ اس کے علاوہ تعمیرات سے متعلق دیگر کئی منصوبے ہیں جو خطیر رقم کے متقاضی ہیں۔ اصحابِ خیر سے گزارش ہے کہ رمضان المبارک کے موقع پر حتّٰی الوسع خود بھی اس کا مالی تعاون کریں اور اپنے حلقۂ احباب میں دوسرے اصحابِ خیر کو بھی اس کی جانب متوجہ کریں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔ (آمین)

IDARA-E-TAHQEEQ-O-TASNEEF-E-ISLAMI

A/c No.7348,Bombay Mercantile Co-operative Bank Ltd,

Dodhpur, Aligarh - 2022001

(ادارہ)